© rasailojaraid.com



# ادبیات

## غزل

از

(جناب الم مظفر نگری)

اسی ذرے میں ظرفِ آسماں باقی نہیں رہتا — جسے خورشید سے ربطِ نہاں باقی نہیں رہتا
سوائے دل کوئی جب راز داں باقی نہیں رہتا — من و تو کا حجابِ درمیاں باقی نہیں رہتا
تصرف چاہتا ہے جو چمن کے پتے پتے پر — اسے فکرِ حدودِ آشیاں باقی نہیں رہتا
پیامِ وصل بن جاتی ہے جب دل کی ہر اک دھڑکن — تو پھر لطفِ نویدِ ناگہاں باقی نہیں رہتا
خزاں میں بھی نظر رکھتے ہیں گلشن پر نظر والے — اگرچہ لطفِ سیرِ گلستاں باقی نہیں رہتا
مری پرواز کی وہ پہلی منزل ہے جہاں کوئی — نشانِ سرحدِ کون و مکاں باقی نہیں رہتا
سبک پرواز منزل سے سبک ہو کر گزرتے ہیں — گلوں پر شبنمِ تر کا نشاں باقی نہیں رہتا
فنا سے پیشتر ہی جو فنا فی الذات ہو جاتے — دو عالم میں بتاؤ وہ کہاں باقی نہیں رہتا
محبت اس گھڑی بھی راز داں اس کو سمجھتی ہے — جب اس کو اعتبارِ راز داں باقی نہیں رہتا
نہیں ہوتا گزر برقِ تپاں کا جس گلستاں میں — وہاں پھولوں میں رنگِ جاوداں باقی نہیں رہتا
نیازِ عشق میں ذوقِ خودی ہوتا ہے جب پیدا — تو پھر فرقِ جبین و آستاں باقی نہیں رہتا
نظر ہوتی ہے حائل یا کہ جلوہ وقتِ نظارہ — کہوں کیوں کر حجابِ درمیاں باقی نہیں رہتا

الم اک بے حقیقت شے ہے دل والوں کی آنکھوں میں
وہ دل جس میں کہ عزمِ نوجواں باقی نہیں رہتا

## حسنِ تغزل

از

(جناب راحت مولائی ایم۔ اے۔ ال۔ بی (علیگ))

اٹھ رہا ہے چمن میں تلاطم — لٹ نہ جائے کلی کا تبسم
محوِ گفتار ہیں ماہ و انجم — آؤ بچ کر گزر جائیں ہم تم



© rasailojaraid.com